ایان سے جلن سی محسوس ہوئی مگر اگلے ہی لمحے نور سے بولے۔۔۔ ششش چھوٹی لڑکی ہر مصئلہ کا حل رونا نہیں ہوتا۔۔اور ویسے بھی میں ہوں نا تمہارے ساتھ۔۔تو اس لیے تمھیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔۔ٹھیک ہے نا۔۔تو نور نے سر ہاں میں ہلایا اور آزھاد نے نور کی ناک جو کہ رونے سے لال ہو چکی تھی اسے پکڑ کر ہلکا سا کھینچا اور پھر مسکرا کر اجلاس میں جانے کے لئے کپڑے تبدیل کئے۔۔اور نور نے آج پہلی بار آزھاد کو قریب سے دیکھا اور نور کو اسکی blue eyes بہت پسند آئی تھی۔۔ازھاد شاہ کی پرسنلٹی تھیں ہی ایسی کہ کوئی بھی اسکی طرف attract ہو سکتا تھا آسانی سے۔۔۔اور پر آزھاد چلا گیا مگر جانے سے پہلے نور سے کہا کہ وہ رات کو دیر سے آئے گا اس لیے وہ اسکا انتظار نہ کر بلکہ آرام سے سو جائے دروازے پر security guards موجود ہے۔۔۔جس پر نور نے فورا سر ہلایا۔۔اور آزھاد اللہ حافظ کہتا چلا گیا۔۔

دوسری طرف فرحانہ بیگم کا operation ابی تک جاری تھا۔۔ایان نے بہت مشکل سے انہوے پارٹی کی آخری اجلاس میں بھیجا کیونکہ ان کی پارٹی کافی مظبوط تھی

مگر آخری اجلاس میں نہ جانے پر انہیں کافی نقصان ہو گا۔۔اور یہ ان کی عمر کی محنت اور شوق کو پورا کرنے کا آخری موقع تھا مگر ان کا کسی طور بھی دل راضی نہ تھا آخر ایان سے تھک کر وہ چلے گیے۔۔کیونکہ ایان یہی تھا۔۔

اجلاس میں پہنچ کر ہر کوئی آزھاد سے اسکی شادی کے حوالے سے بات کر رہا تھا جس پر آزھاد نے انھیں بتایا کہ ہاں اس نے ایک چھوٹی سی تقریب میں نکاہ کیا مگر الیکشن کے بعد وہ ایک بڑے reception کا ارادہ رکھتا ہے جس سے سب مطمئین ہوے۔۔۔

رات کو نہ جانے کیوں نور کے سر میں درد شروع ہوا شائدٗ اتنے دنوں سے مسلسل بے آرامی اپنوں کی یاد یا پھر آنسوؤں کا نتیجہ سر درد کی شکل میں نکلا اسی لیے نور نے سر درد کی گولی کھا کر سونے کو لیٹ گئی شاید صبح جاگنے تک ٹھیک ہو۔۔۔

ویسے بھی کل کا دن کافی بھاری ہونے والا تھا۔۔۔

اور یہاں رات کو فرحانہ بیگم کو ہوش آگیا تھا اور ڈاکٹر کے مطابق انھیں کسی قسم کا stress نہ ہو۔ایان نے یہ خوشخبری مصطفیٰ صاحب کو سنائی اور وہ یہ سن کر قدر مطمئن ہوئے۔۔

صبح جب نور نماز کے لیے اٹھ گئی تو دیکھا کہ آزھاد اسکے ساتھ ہی سو رہا تھا۔۔وضو کر کے اس نے نماز ادا کی اور اپنے بابا کے لئے دعا کرنے لگی آج ان کے لئے کافی بھاری دن تھا اسے یاد تھا کہ مصطفیٰ صاحب کو سیاست سے کتنا لگاؤ تھا۔۔آج آزھاد بھی اپنے وقت سے پہلے اٹھا تھا۔۔فریش ہو کر وہ جانے کو تیار تھا کہ اچانک نور کے پاس آیا تمہیں معلوم ہے نہ آج الیکشن کا دن ہے۔۔تو نور نے جٹ سے سر ہاں میں ہلایا۔۔تو تم نے میرے لیے دعا کی۔۔تو نور نے کچھ نہیں کہا مگر اسے افسوس ہوا کہ اس نے آزھاد کے لیے دعا نہیں کی۔۔۔اور آزھاد سمجھ گیا کہ اس نے دعا نہیں کی۔۔اور کہا کیا میں اتنا بھی ضروری نہیں ہو تمھارے لیے کہ تم نے میرے لیے دعا تک نہیں کی۔۔تو نور نے فورا کہا مجھ سے بھول گیا میں ابھی کر دیتی ہو۔۔تو کرو پھر میں بھی دیکھوں کہ میری بیگم

مجھے کیا دعا دیتی ہیں۔۔یہ سنتے ہی نور نے بلش کیا اور پھر آہستہ آواز میں کہا کہ آپ کو بھی کامیابی ملے تو آزھاد نے کہا آج تو ایک ہی پارٹی جیتے گی اور اس سے پتا چلے گا کہ تم نے کس کو دل سے دعا دی تھی۔۔۔پھر وہ چلا گیا۔۔۔۔

اور اب شام کا وقت تھا ووٹوں کی گنتی جاری تھی ہر طرف لوگ اپنے پارٹی کے لئے دعا اور نارے بازی کر رہے تھے۔۔۔

اور جیسے ہی نتائج کا اعلان کیا گیا جس کے مطابق ازھاد شاہ الیکشن ہارا تھا اور مصطفی صاحب کی پارٹی جیت چکی تھی۔۔اور یہ خبر ازھاد شاہ کے لیے کسی صدمے سے کم نہیں تھی رات کو جب وہ گھر آیا تو نور سو رہی تھی ایک تو رات کے بارہ بجے تھے اور دوسرا کل کا سر درد ابی تک ختم نہیں ہوا تھا اور نہ اس کا ارادہ آزھاد کا انتظار کرنے کا تھا۔۔۔

آج ازھاد شاہ نے زندگی میں پہلی بار شدید tension کی وجہ سے شراب کا سہارا لیا تھا کیونکہ نہ تو اس کے والدین تھے یہاں اور نہ ہی الیاس اس کے پاس تھا۔۔۔اس وقت نور کو سوتا دیکھ کر اسے نور پر غصہ آیا۔۔اسے لگ رہا تھا کہ یہ سب نور کی وجہ سے ہوا۔۔اسی کی وجہ سے الیاس اس سے ناراض تھا اور شاید صبح اس نے میرے لیے دعا

بھی دل سے نہیں کی تھی (یہ سوچے بغیر کہ یہ سب تو اس نے نور کے ساتھ زبردستی کیا تھا) اسی سوچ کے ساتھ وہ لڑکھڑاتا ہوا نور کے پاس گیا اور اسے ہاتھ سے کھینچ کر کھڑا کیا اور ایک زوردار تھپڑ مارا۔۔اور نور اس اچانک افتاد پر بوکھلائی اور ساتھ ہی اس تھپڑ نے دماغ سن کر دیا تھا۔۔۔ازھاد لڑکھڑائی آواز میں مسلسل کچھ بول رہا تھا مگر ماہنور کو کچھ سنائی نہیں دے رہا اچانک ازھاد نے ماہ نور کے بال پکڑ کر اسے زور سے کھینچا اور پھر دکھادے کر باہر نکلا اور گاڑی سمندر کے کنارے لے گیا۔۔رات کے اس پہر وہاں ازھاد کو سکون ملا۔۔ مگر سر مسلسل چکرا رہا تھا اس لیے گاڑی میں بیٹھا اور سٹیرنگ پر سر رکھتے ہی سو گیا۔۔۔

ماہ نور کا سر ویسے بھی درد کر رہا تھا کہ اچانک سے اس زوردار تھپڑ اور بال پکڑنے سے دماغ پٹنے کے قریب تھا اور دکھا دینے سے وہ توازن برقرار نہ رکھ سکی اور میز کے کھونے سے سر ٹکرا گیا اور پھر کچھ دکھائی نہ دیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صبح جب ازھاد کو ہوش آیا تو سر کافی گھوم رہا تھا کچھ دیر سر پکڑنے کے بعد اسے یاد آیا کہ کل رات اس نے نور کے ساتھ کیا کیا۔۔۔یااااللہ یہ میں نے کیا کیا۔۔۔اہھہ ازھاد اہھہ یہ تم نے کیا کیا ایک معصوم کے ساتھ تمہیں تو اپنے نام پر فخر تھا کیسے کسی کے

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ساتھ زیادتی کر سکتے ہو۔۔۔ مجھے اسے بچانا ہو گا۔۔۔ہاں اس سے معافی مانگوں گا اپنے گناہ کا۔۔۔

کس کو پتا تھا کہ قسمت اسے یہ موقع دیتی بھی کہ نہیں۔۔۔۔۔

آزھاد نے فوراً گاڑی گھر کی طرف روانہ کی اسکا اپنا سر بھی کافی درد کر رہا تھا مگر اسے نور کی بہت فکر ہو رہی تھی۔۔ جیسے ہی وہ گھر پہنچا تو صبح کے 7 بج رہے تھے اسے نا جانے کیوں اندر کی طرف قدم بڑھانا مشکل لگ رہا تھا یا شاید ڈر لگ رہا تھا جانے ماہ نور کیسے ہو گی۔۔۔ جیسے ہی وہ اندر داخل ہوا تو کوئی بھی نہیں تھا ملازمہ کے آنے میں بھی ابی وقت تھا۔۔اسنے بے اختیار کمرے کی طرف دوڑ لگائی دل معلوم سے تیز دھڑک رہا تھا۔۔ساتھ اللہ سے اس کی سلامتی کی دعا بھی کر رہا تھا مگر جیسے ہی کمرے کا دروازہ کھولا تو اندر نور زمین پر بے ہوش پڑی تھی۔۔ سر کا خون جم چکا تھا۔۔۔۔

آزھاد دوڑ کر اس کے پاس گیا اور اس کا منہ ہلا کر اسے آوازے دی مگر بے سود۔۔۔اس نے فوراً اسکی نبز check کی مگر یہ کیا اسے لگا تھا جیسے اس کی سانس بند تھی اسکی نبز معلوم نہیں ہو رہی تھی مگر پھر بھی وہ خود پر یقین نہیں کرنا چاہتا تھا اس لیے اس نے نور کو گود میں اٹھا کر باہر کی جانب دوڑ لگائی اور ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کی

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آوازیں دینے لگا۔۔اسکے نکلتے ہی ڈرائیور نے گاڑی نکالی اور ہسپتال کی جانب روانہ ہوا اور دل میں مسلسل اس کی زندگی کے لئے دعا کرتا رہا۔۔۔

جیسے ہی وہ ہسپتال پہنچے تو نور کو Emergency میں لے جایا گیا اور آزھاد کو باہر ہی رکنے کا کہا۔۔۔اور اس وقت وہ the great Azhad shah تو کہیں سے بھی نہیں لگ رہا تھا بلکہ ایک ہارا ہوا شخص لگ رہا تھا جیسے اس سے اسکا سب سے قیمتی چیز کم ہونے کا ڈر ہو۔۔۔اسے معلوم نہیں ہوا کہ کب اس کی آنکھوں سے آنسوں نکلنے۔۔۔اس وقت اس نے یہ اعتراف بھی کیا کہ اسے اس چھوٹی سی لڑکی سے محبت ہو گئی ہے اس لیے پہلی دفعہ اسے دیکھ کر ہی وہ نور پر کوئی ظلم یا تشدد نہ کر سکا۔۔مگر کل رات تو وہ ہوش میں ہی نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"اک رات ہوئی برسات بہت۔۔۔۔۔۔

میں رویا ساری رات بہت۔۔۔۔۔۔۔

ہر غم تھا زمانے کا لیکن۔۔۔۔۔۔۔

میں تنہا تھا اس رات بہت۔۔۔۔۔۔

پھر آنکھ سے ایک ساون برسا۔۔۔۔۔

جب سحر ہوئی تو خیال آیا۔۔۔۔۔۔

وہ بادل کتنا تنہا تھا۔۔۔۔۔

جو برسا ساری رات بہت۔۔۔۔۔۔

اور یہاں ایان مصطفیٰ صاحب کے کہنے پر آزھاد کے گھر آیا تھا۔۔ مگر یہاں پہنچ کر اس کو security guards سے جو معلوم ہوا وہ ناکابل یقین تھا کہ تقریباً ایک گھنٹے پہلے آزھاد نور کو بہوشی کی حالت میں ہسپتال لے گیا۔۔ ایان نے فوراً وہاں کا address لیا اور مصطفیٰ صاحب کو بھی آگاہ کیا انھیں بھی پہنچنے کا کہا اور خود بھی روانہ ہوئے۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ اس طرح روٹھ کر جائیں گے تم سے۔۔۔۔

کہ تم فاتحہ کے سوا کچھ نہ پڑھ سکو گے۔۔۔۔

آزھاد مسلسل دعائیں کر رہا تھا کہ بس ایک دفعہ نور کو ہوش آجائے بس ایک بار وہ اس سے اپنے کیے کی معافی مانگ لے۔۔۔ اس سب میں کب ایک گھنٹہ گزر گیا اسے

معلوم نہ ہو سکا کہ اچانک ڈاکٹر باہر آئے اور آزھاد کو دیکھا جس نے خود کی حالت خراب کی ہوئی تھی۔۔۔وہ اس کے پاس ائے اور کہا patient آپ کی کیا لگتی ہیں تو آزھاد نے فوراً کہا۔۔۔وہ میری wife ہے کیسی ہے وہ ٹھیک تو ہے نہ۔۔۔تو ڈاکٹر نے کہا دیکھے آپ کی وائف کو پہلے ہی brain tumor ہے اور آزھاد کے لیے یہ خبر کسی دھماکا خیز انکشافات سے کم نہیں تھی۔۔۔جبکہ ڈاکٹر آگے بھی کہہ رہا تھا کہ میرے خیال سے۔۔۔کل سے انہیں pain ہو رہا تھا مگر بجائے ڈاکٹر کے پاس آنے یا دوائی کھانے کے انھوں نے سخت تکلیف برداشت کی اوپر سے انھیں سر پر چھوٹ بھی لگیں۔۔۔۔اپ ان papers پر signe کر لے۔۔۔۔۔۔تو آزھاد کے دماغ نے فورا کام کیا اور پوچھا۔۔۔کیسے papers ۔۔۔۔۔۔ دیکھے آپ کی مسز کی حالت بہت زیادہ خراب ہے ایک تو ان کی pilz normal نہیں اوپر سے tumor ان کے brain کو مسلسل damage کر رہا ہے اس لیے آپ ان پر دستخط کرے کہ اگر انہیں کچھ بھی ہو تو یہاں کا انتظامیہ اس کی زمدار نہیں ہو گی۔۔۔ Please Doctor میری وائف کو بچا لے۔۔۔۔اور یہ آزھاد ہی جانتا تھا کہ اس نے کس دل سے ان کاغذات پر دستخط کیے اور ڈاکٹر پھر چلے کیے اور آزھاد شاہ وہاں بیٹھ کر مسلسل اس کی زندگی کی دعائیں کرتا رہا۔۔۔۔۔۔۔

مصطفی صاحب جو کہ ہسپتال کے قریب ہی تھے فوراوہاں پہنچااور reciption
سے نور کا معلوم کر کے جیسے وہاں پہنچاتو آزھاد کی اس طرف پیٹھ تھی اور ڈاکٹر اس کو نور
کی حالت کے بارے میں بتارہا تھااور وہ وہی banch پر بیٹھے۔۔۔ان کادماغ اس
وقت شدید صدمے میں تھا۔۔۔اور آزھاد ڈاکٹر کے جانے کے بعد وہاں بیٹھانور کے
لیے دعا کر رہا تھا کہ اچانک اس نے محسوس ہوا کہ کوئی بیٹھا ہے تو اس نے دائیں طرف
دیکھا جہاں کچھ کرسیاں چھوڑ کر مصطفی ملک بیٹھے تھے۔۔۔۔ازھاد فوراان کی جانب آیا
اور کہا پلیززز مجھے معاف کردے یہ یہ سب میری وجہ سے ہوااس سے کہے ایک بار
بس ایک بار وہ ٹھیک ہو جائے مجھے میرے لیے کی سزادیدیں۔۔۔ازھاد مسلسل
بے خودی کی حالت میں باتیں کر رہا تھا سب الفاظ کھٹ رہے ہیں۔۔۔۔اتنے میں ایان
بھی بھاگا ہوا آیااور مصطفی صاحب کو کرسی پر بیٹھادیکھ کران کی طرف آیا مگر مصطفی
صاحب کے سامنے آزھاد گھٹنے ٹیک کر بیٹھا کچھ کہ رہا تھا۔۔۔ازھاد نے فوراوہاں پہنچ
کر آزھاد کو کھینچ کر کھڑا کیااور اسے گریبان سے پکڑ کر چیخا۔۔۔۔کیا کیا تم نے نور کے
ساتھ ہاں۔۔۔اگر میری نور کو کچھ ہوا تو میں نے تمہیں زندہ نہیں چھوڑنا۔۔۔اور
آزھاد نے بھی اس کے ہاتھ اپنے گریبان سے ہٹائے اور ایان سے آہستہ آواز میں غرا
کر کہا تمھاری نہیں میری ماہ نور۔۔۔آئندہ میں تمہارے منہ سے یہ بات نہ سنوں ورنہ

انجام اچھا نہیں ہو گا۔۔۔یہ تو نور کے ہوش میں آنے کے بعد پتا لگے گا مسٹر ازھاد شاہ کہ وہ کس کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں ہہہہہ۔۔۔۔۔اور منہ پھیر کر مصطفی صاحب کی طرف دیکھا اور کہا ماموں نور کیسی ہے۔۔۔جس پر مصطفی صاحب نے ٹوٹے ہوئے دل سے کہا بیٹا دعا کو کہ وہ ٹھیک ہو جائے میں اپنی بچی کو کسی بھی حالت میں نہیں کھو سکتا۔۔وہ بہت عزیز ہے مجھے اس کے علاوہ اور ہے ہی کیا میری زندگی میں وہ میری واحد خوشی ہے۔۔سکون ہے میری زندگی کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہو گا اسے ماموں انشاءاللہ وہ جلد ہی ٹھیک ہو جائے گی۔۔ہمیشہ کی طرح آج بھی ایان ان کو ہمت دے رہا تھا۔۔۔اور آزھاد prayers room کی طرف گیا تھا کبھی نماز پابندی سے نا پڑھنے والا اس ایک چھوٹی سی لڑکی کے لیے دعا کر رہا تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔

اور دو گھنٹے انتظار کے بعد جب ڈاکٹر باہر آئے تو آزھاد دوڑ کر اس تک پہنچا اور ان سے نور کے بارے میں پوچھا۔۔۔ڈاکٹر میری وائف کیسی ہے۔۔دیکھے ہم نے بہت مشکل سے ان کا operation کیا ہے مگر ہم ابھی اتک کچھ نہیں کہہ سکتے آنے والے 24 گھنٹے ان کے لئے بہت مشکل ہے دعا کریں کہ انہیں جلد از جلد ہوش آئیں ورنہ ہم

انھیں نہیں بچا سکتے۔۔۔ڈاکٹر کے جانے کے بعد وہ سب پھر سے دعائیں کرنے لگے۔۔۔ایان نے زبردستی مصطفیٰ صاحب کو کچھ کھلایا کیونکہ انہیں دوائی کھانی تھی۔۔۔۔

اور ایک لمبے اور مشکل انتظار کے بعد شام کے 6 بجے ماہ نور کو ہوش آیا۔۔اور اس خبر سے سب کی جان میں جان آئی۔۔۔ابھی نور سے ملنے کی کسی کو اجازت نہیں تھی۔۔۔ازھاد تو فوراً شکرانے کے نوافل ادا کئے ازھاد نے بہت منت سماجت کے بعد مصطفیٰ ملک کو گھر بھیجا یہ کہہ کر کہ ابھی تو ویسے نور سے ملنے کی اجازت نہیں۔۔۔ازھاد کی بات پر ایان نے بہت مخالفت کی مگر مصطفیٰ صاحب نے ایان کو بھی جانے کا کہا۔۔ماموں آپ کیسے نور کو اس اجنبی شخص کے ساتھ اکیلا چھوڑ سکتے ہیں۔۔ایان وہ اجنبی شخص اس کا شوہر ہے اس لیے مجھے اس کے یہاں رکھنے میں کوئی problem نہیں ہے۔۔۔

مصطفیٰ صاحب نے آج پورا دن آزھاد کو نوٹ کیا تو انھیں معلوم ہوا کہ ازھاد یہ سب صرف نور کے لیے کر رہا ہے نہ کہ کسی بدلے کی وجہ سے اس لئے انہیں آزھاد کے رکنے میں کوئی مسئلہ نہیں تھا۔۔۔رات کو صرف ایک ہی شخص patient

room میں رہ سکتا تھا۔۔اس لیے ازھاد canteen سے کچھ کھانے کو لا کر نور کے روم کی طرف گیا۔۔۔۔۔

جیسے ہی وہ اندر داخل ہوا تو نظر نور پر گئی جو بیڈ پر دوائیوں کے اثر سے سو رہی تھی سر پر پٹی بندھی تھی اور منہ پر oxygen mask تھا۔۔۔ساتھ ہی مشینیں لگی تھی آزھاد کو یہ دیکھ کر دکھ ہوا تھا اتنی سی عمر میں اس کو کتنی تکلیف سے گزرتا ہوا تھا اور اس میں کچھ حد تک وہ بھی زمہ دار تھا۔۔اُس نے پہلے ساری چیزوں کو table پر رکھا اور پھر نور کی طرف آیا اور زرا سا جوک کر اس کے سر کو چوما۔۔۔۔۔

""تم حقیقت نہیں ہو حسرت ہو

جو ملے خواب میں وہ دولت ہو

میں تمھارے ہی دم سے زندہ ہو

مر ہی جائوں جو تم سے فرصت ہو

تم ہو تو خوشبو،خواب کی مگر

اتنی یہ بے مروت ہو

تم ہو پہلو میں، پر قرار کیوں نہیں

یعنی ایسا ہے جیسے فرقت ہو

کس طرح چھوڑ روں تمہیں جانا

تم میری زندگی کی عادت ہو

کس لیے دیکھتی ہو آئینہ

تم تو خود سے بھی خوبصورت ہو

داستان ختم ہونے والی ہیں

تم میری آخری محبت ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوٹی سی لڑکی شکر ہے تم ٹھیک ہو گئی ورنہ میں کافی ڈر گیا تھا۔۔۔ابھی تو اپنے کیے کی معافی مانگنی ہے تم سے امید کرتا ہوں کہ تم مجھے معاف کر دو گی۔۔۔ازھاد نے غور کیا کہ ماہ نور کے منہ پر ابھی تک اس کے انگلیوں کے نشانات تھے اسے بے اختیار شرمندگی ہوئی کہ اگر مصطفیٰ صاحب نے یہ دیکھا ہوتا تو وہ کبھی بھی اسے نور کے پاس رکھنے نہ دیتا۔۔۔۔

ازھاد قریب ہی chair پر نور کے قریب بیٹھا تاکہ اگر نور کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو وہ آسانی سے سن سکے۔۔۔۔وہ مسلسل اس کے چہرے کو دیکھ رہا تھا نا جانے کب یہ چھوٹی سی لڑکی اس کی زندگی بن گئی اس نے خود سے پوچھا کہ کوئی دو تین دن میں کیسے اتنا عزیز ہوتا ہے شاید نکاح کا پاک رشتہ ایسا ہی ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

کل جانے کیا ہو گا وہ اس کی بات سنے گی یا نہیں۔۔۔ مگر اسے امید نہیں ہارنی تھی۔۔ غلطی کی ہے تو معافی بھی مانگی تھی اور تب تک مانگنی تھی جب تک وہ معاف نہ کر دے۔۔۔۔۔

اس کی ساری رات سوتے جاگتے گزری۔۔۔ صبح مصطفیٰ صاحب بہت جلدی آ گئے۔۔ماہ نور ابھی تک سو رہی تھی تو مصطفیٰ صاحب نے ازھاد کو گھر جانے کا کہا اور یہ کہ کچھ دیر آرام بھی کر لے مگر ازھاد نہیں مانا۔۔تو مصطفیٰ صاحب نے تھوڑا سخت گوری کے ساتھ کہا جس پر ازھاد نے صرف اتنا کہا کہ وہ کچھ دیر میں فریش ہو کر واپس آئے گا۔۔۔ساتھ ہی ازھاد نے نور کو ایک نظر دیکھا اور پھر وہ چلا گیا۔۔۔ مصطفیٰ صاحب نور کے پاس آئے اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور کہا میری بچی اللہ تمہیں جلد صحتیاب کرے۔۔اور پھر ایک گھنٹے تک نور کو ہوش آنے لگا۔۔۔ جیسے ہی اس نے

آنکھیں کھولی تو کمرے کے چت کو دیکھنے لگی اور کچھ دیر دیکھنے کے بعد اسے یاد آیا کہ ازھاد نے اس کے ساتھ کیا کیا تھا۔۔ ساتھ ہی سر میں درد کی ایک شدید لہر دوڑی۔۔ تو آنکھوں میں آنسوں آ گے۔۔۔ مصطفیٰ صاحب نے اس کی سسکی سنی تو دوڑ کر آئے نور میری بیٹی کیا ہوا درد ہو رہا ہے کیا میں ڈاکٹر کو بلاؤ۔۔ تو نور نے کہا نہیں بابا میں ٹھیک ہوں۔۔۔ آپ۔۔۔ کیسے ہے۔۔۔ آپ کو۔۔ پتا ہے میں۔۔ نے آپ کو اتنا مس کیا۔۔ اور ساتھ ہچکیوں سے رونے لگی۔۔۔ بابا مجھے لگا میں مر جائوں گی اور آپ سے اور ماما سے نہیں مل سکو گی۔۔۔ بیٹا کیا ازھاد نے تم سے کچھ کہا تھا جس سے تمھیں pain start ہوا۔۔ بیٹا مجھے سچ بتاناسب۔۔۔ نور کو سوچتا دیکھ کر مصطفی صاحب نے کہا۔۔۔ اور ساتھ نورا نہیں شروع سے سب بتانے لگی کہ کیسے ان کا نکاہ ہوا وہ بھی صرف ان سے الیکشن جیتنے کے لئے۔۔ اور ہارنے پر ازھاد نے اسے مارا تھا۔۔ یہ سب سنتے ہی مصطفی صاحب کے دل کو کچھ ہوا وہ تو آزھاد کو اچھا سمجھ رہے تھے مگر وہ تو ۔۔۔ بابا اس وقت مجھے بہت تکلیف ہو رہی تھی میں نے سوچا اچھا ہی ہو گا اگر میں مر جاؤں مجھ سے اور تکلیف برداشت نہیں ہوتی۔۔۔۔

نہیں میری بچی ایسا نہیں کہتے آللہ ناراض ہوتا ہیں۔۔ اب تم جو جیسا چاہو گی ویسا ہی ہو گا

بابا تمھارے ساتھ ہے۔۔ مصطفی صاحب کو نور یہ سب باتیں کرتی اپنی عمر سے بڑھی لگی شائذان حالات نے اسے وقت سے پہلے بڑا کر دیا۔۔۔اور ازھاد جو فریش ہو کر واپس آیا تو نور کو مصطفی صاحب سے باتیں کرتے دیکھ کر واپس باہر نکلنے والا تھا کہ اسے نور کی آواز آئی جو مصطفی صاحب سے کہہ رہی تھی کہ اچھا ہی ہوتا اگر میں مر جاتی مجھ سے اور تکلیف برداشت نہیں ہوتی۔۔۔یہ سن کر اس کا دل لرز گیا تھا نور ایسے کیسے کہہ سکتی ہے تو کیا وہ اسے معاف بھی نہیں کریں گی۔ نہیں ابھی نور ناراض ہیں مجھ سے اس لئے وہ ایسا کہہ رہی ہے میں منالوں گا اسے ہاں۔۔۔۔

اتنے میں ڈاکٹر نے نور کا checkup کیا اور مصطفی صاحب کو ساتھ آنے کا کہا۔۔۔ان کے جانے کے بعد آزھاد نور کے لیے کھانا لے کر آیا اور جیسے ہی اندر داخل ہوا تو دیکھا کہ نور نے اسے دیکھتے یہ چہرہ دوسری طرف موڑ دیا ازھاد کو دکھ ہو مگر اس نے خود کو ہمت دی اور نور کے پاس آیا اور کہا۔۔۔۔ کیسی ہو ماہ۔۔۔۔۔

بد قسمتی سے زندہ ہو۔۔۔ چہرہ ویسے ہی دوسری سمت تھا۔۔۔ اللہ نہ کریں تمہیں کچھ ہو۔۔ ماہ اسی بات نہ کرو مانتا ہو ناراض ہو مجھ سے مگر یو تو خود کے بارے میں نہ بولو۔۔۔ تم مجھے اپنے کیے کی سزا دے سکتی ہو۔۔ مجھے سزا دو تا کہ میں دوبارہ ایسا نہ

کو سکو۔۔۔اتنے میں مصطفی صاحب بھی آ گیے نور نے انہیں دیکھ کر کہا بابا ان سے کہے یہاں سے چلے جائے مجھے ان کو دیکھ کر اپنی تکلیف بڑھتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔۔۔اس کی بات پر ازھاد فوراً اٹھا اچھا ٹھیک ہے ماہ میں چلا جائوں گا مگر تم خود کو تکلیف نہ دو۔۔۔۔اللہ حافظ کہتا اپنی ماہ پر ایک نظر ڈالتا نکلتا چلا گیا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔تیری دنیا میں کیا کروں مالا

میری دنیا بچھڑ گئی مجھ سے۔۔۔۔۔۔۔۔

آج ایک ہفتہ ہو گیا ماہ نور کو اپنے بابا کے گھر۔۔۔ایان تقریباً ایک دو روز بعد نور سے ملنے آتا۔۔۔مصطفی صاحب نے سیاست چھوڑ دی ان کے خیال میں اگر ازھاد شاہ نے نور سے سیاست کی وجہ سے شادی کی۔۔۔تو کل کو کوئی اور ایسا کرے انھیں سیاست سے بہت لگاؤ تھا مگر اپنی فیملی سب سے زیادہ عزیز تھی۔۔۔۔فرہانہ بیگم اور مصطفی صاحب ہر وقت نور کو باتوں میں لگا کر رکھتے۔۔۔مگر جانے کیوں اس کا دل ایک ہفتے مرجھایا ہوا تھا۔۔۔اسے آزھاد کی وہ ساری باتیں اور معافیاں جھوٹ لگی تھی کیونکہ اس نے دوبارہ مڑ کر اس کا حال تک نہ پوچھا۔۔۔۔

اور یہاں ازھاد نے مصطفیٰ صاحب سے معافی مانگی اور انگلینڈ جا کر اپنے ماما بابا کو ماہ نور سے شادی کا بتایا۔۔پہلے تو وہ سخت ناراض تھے کیونکہ اس نے ایک معصوم پر تشدد کیا۔۔۔ مگر جو کچھ دن اس نے وہاں گزارے اس سے انہیں معلوم ہوا کہ وہ سچ میں اپنے کیے پر پشیمان ہے۔۔اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ تھا کہ آزھاد شاہ نے ان کا بزنس جوائن کرنے کی بجائے سیاست میں انٹرسٹ ہونے کی وجہ سے سیاست کو جوائن کیا۔۔۔اب اس نے اپنی ساری activity's ختم کی اور بابا کا بزنس جوائن کیا۔۔اور اب ایک ہفتے سے اس نے سب کو منا لیا تھا اور اب سب واپس پاکستان جا رہے ہیں۔۔اب صرف ماہ نور کو منانا رہ گیا تھا۔۔کیونکہ باقی سب تو راضی ہو چکے تھے۔۔۔اس نے ایک ہفتے میں اسے بہت مس کیا تھا۔۔اسے یقین تھا کہ وہ اسے منا لے گا۔۔۔اس ایک ہفتہ کو اس سے دور رہنے کا مقصد یہ تھا کہ اگر وہ اس سے دوبارا ملے تو اس کی طبیعت تھوڑی ٹھیک ہو۔۔۔اب پاکستان پہنچ کر اس کا ارادہ سب سے پہلے اپنی ماہ سے ملنے کا تھا۔۔۔

جب وہ پاکستان پہنچے تو باقی سب گھر چلے گئے اور آزھاد نے گاڑی نور کے گھر موڑ لی۔۔چونکہ رات کے 2 بج رہے تھے ازھاد پائپ لائن کے زریعے ماہ کے کمرے تک

پہنچ گیا۔۔۔اندر داخل ہونے پر اس نے اپنی ماہ کو دیکھا جو سو رہی تھی کمرے میں صرف چاند کی روشنی تھی۔۔۔اس میں بھی آزھاد کو ماہ نور کے چہرے پر زردی اور پہلے سے کمزور نظر آ رہی تھی۔۔۔وہ آہستہ سے قدم اٹھاتا اس کی طرف آیا اور آہستہ سے اس کے ساتھ دراز ہو گیا۔۔پھر اس کے چہرے کو غور سے دیکھتا رہا۔۔کتنا یاد کیا تھا اس نے اپنی ماہ کو۔۔۔پھر آہستہ سے اس کا سر اپنے سینے پر رکھ دیا۔۔اور ماہ نور تو دوائی کے اثر سے سو رہی تھی اس لئے نہیں جاگی۔۔۔۔ازھاد نے سکون سے آنکھیں بند کی۔۔اتنے دنوں بعد اسے سکون ملا تھا۔۔۔آج تو آزھاد کافی زیادہ تھکا ہوا تھا۔۔اس لیے کب وہ وہی سو گیا اسے اندازہ ہی نہ ہوا۔۔۔۔

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

صبح جب نور نماز کے لیے جاگی تو اندھیرے کی وجہ سے اس کو کچھ نظر نہیں آ رہا تھا۔۔مگر وہ ہل ہی نہیں پا رہی تھی اس کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہوا ہے اتنے میں اسے اپنے چہرے پر کسی کی سانسیں محسوس ہوئی۔۔تو ڈر کی وجہ سے اسے رونا آ گیا۔۔اور آزھاد جس نے نور کے گرد بازو پھیلا کر اسے سختی سے خود کے پاس جیسے قید کیا ہوا تھا۔۔اب نور کے ہلنے سے وہ جاگ گیا تھا مگر خود کو سوتا ظاہر کیا۔۔۔کہ نور کیا کرتی ہے مگر اس کی سسکیاں سن کر اس نے نور کے کان کے قریب ہلکی آواز میں

کہا۔۔ ششششش میری چھوٹی سی وائف کیا ہوا کیوں اتنی صبح اپنا پسندیدہ شوق (رونے والا
)شروع کیا ہوا ہے۔۔۔اور ادھر ماہ نور ازھاد کی آواز سن کر خاموش تو ہوئی مگر اب
اس کے اتنا قریب ہونے کا خیال آتے ہی کانپنے لگی۔۔۔ازھاد نے جب محسوس کیا کہ
نور مسلسل کانپ رہی ہے تو اس کی بیماری کی وجہ سے اس جلدی سے الگ ہو گیا۔۔اور
لائٹ آن کی۔۔۔ماہ تم ٹھیک ہو۔۔اس کے چہرے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر
کہا۔۔اور اس کے آنسوں صاف کیے۔۔۔تو ماہ نور نے سر ہاں میں ہلایا کر۔۔ ہلکی آواز
میں کہا۔۔آپ یہاں کیسے آئے میں تو جب سو رہی تھی تو یہاں کوئی بھی نہیں
تھا۔۔ارے ہاں میں تو آدھی رات کو اپنی چھوٹی سی وائف سے ملنے آیا تھا مجھے لگا
تمہیں میری یاد آرہی ہو گی۔۔۔بس اسی لیے۔۔اب تم بتاؤ مجھے کتنا یاد کیا۔۔۔میں نے
آپ کو یاد نہیں کیا۔۔اور ویسے بھی آپ نے ایک دفعہ بھی میری طبیعت کا معلوم
کرنے نہیں آئے۔۔۔انجانے میں ہی اس نے ازھاد سے شکوہ کیا۔۔۔اور ازھاد نے
بے اختیار اسے گلے لگایا اور کہا ہر سوال کا جواب دوں گا، ہر غلطی کی معافی مانگو گا مگر
یہاں نہیں۔۔۔اپنے گھر اپنے کمرے اور اپنے طریقے سے۔۔۔اور جہاں تک بات
تمہاری مجھے یاد کرنے کی ہے تو وہ کل رات تم جو مجھے نیند میں پکار رہی تھی اس سے ہی
مجھے معلوم ہوا۔۔۔اس کی پہلی بات پر پہلے تو نور نے بلش کیا اور پھر دوسری بات پر

شرمندگی سے کہا نہیں میں نے ایسا بھی نہیں کہا ہوگا۔۔اب آپ بھی چلے جائیں کوئی آجائے گا۔۔۔میں بھی نماز پڑھ لوں۔۔اور نور جب وضو کر کے باہر آئی تو ازھاد نے باترو م جاکر وضو کیا اور پھر نور کے پاس آیا اور دونوں نے مل کر نماز ادا کی اور پھر آزھاد نے نور کے سر کو چوم کر اسے اپنا خیال رکھنے کا کہا اور خود چلا گیا جیسا آیا تھا ویسا ہی۔۔۔

آزھاد کے جانے کے بعد نور اس بارے میں سوچ رہی تھی کہ کیا وہ آزھاد شاہ کو معاف کردے۔۔اگر اس نے دوبارہ ویسا ہی کیا تو۔۔۔اور ایان اس کا کیا ہوگا وہ اسی سوچ میں گم تھی کہ فرحانہ بیگم اس کے لیے ناشتہ لے آئیں۔۔۔۔

ارے میری بیٹی کس سوچ میں گم ہے کہ ماما کے آنے کا معلوم ہی نہیں ہوا۔۔۔۔

کچھ نہیں ماما۔۔۔۔اگر کچھ پوچھنا چاہتی ہو تو پوچھ لو۔۔اس طرح اپنے دماغ پر زور نہ ڈالو ڈاکٹر نے منع کیا ہے۔۔۔۔۔

ماما اگر ازھاد مجھ سے معافی مانگ لیں تو کیا میں معاف کردوں انھیں۔۔۔۔

بیٹا اس بارے میں تم سب سے بہتر جانتی ہو۔۔کچھ دن ہی صحیح مگر تم نے اس کے ساتھ وقت گزارا ہے اب جو تمھیں صحیح لگتا ہے وہی کرو۔۔۔۔۔

مگر ماما مجھے کچھ بھی سمجھ نہیں آ رہا۔۔۔ plzz آپ ہی کچھ بتا دے اگر آپ میری جگہ ہوتی تو کیا کرتی۔۔۔۔

بیٹا میرے خیال سے ازھاد کو ایک موقع ملنا چاہیے نکاہ کا رشتہ بہت پاک اور مقدس ہوتا ہے اسے یوں ختم نہیں کرنا چاہیے اللہ نے خود اس رشتے کو عزت دی۔۔۔اور ویسے بھی اگر اس نے دوبارہ کچھ کہا تو تم یہاں آ جانا باقی تمھاری مرضی کیونکہ اس کے ساتھ تم نے زندگی گزارنی ہے۔۔۔۔

❤❤❤❤❤

ازھاد وہاں سے گھر آیا تو 7 بج چکے تھے اور فریش ہو کر الیاس کے دفتر روانہ ہوا کیونکہ اس وقت وہ اپنے دفتر آتا تھا۔۔۔ جیسے ہی ازہاد وہاں پر پہنچا تو دیکھا کہ الیاس بھی ابھی آیا تھا۔۔اور اس سے آگے ہونے کی وجہ سے اس کو ازہاد کے آنے کا معلوم نہیں ہوا تھا۔۔ جیسے ہی الیاس نے آفس میں انٹر ہوا تو ایک ضروری کام یاد آتے ہی فورا laptop on کیا۔۔اتنے میں ازہاد وہاں آیا۔۔ہیلو بڈی کیسے ہو۔۔۔الیاس نے فوراً سر اٹھا کر اسے دیکھا اور کہا تم یہاں کیا کر رہے ہو نکلو فوراً یہاں سے۔۔۔اررررےےےےے یار کچھ بولنے کا موقع تو دو فوراً ہی نکالنا شروع کر

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

دیا۔۔۔مجھے کچھ نہیں سننا تم جاؤ یہاں سے مجھے ایسا انسان اپنے دوست کی شکل میں نہیں چاہیئے جو کہ عورتوں کو بدلہ لینے اور ان کو کمزور سمجھے۔۔۔یار اب معافی کا موقع تو دو پہلے ہی بیویوں کی طرف شکوے شروع کر دیا۔۔اچھا سن نہ معاف کر دے یاد سب سے معافی مانگ لی even ماہ سے بھی۔۔اب تو تو بھی معاف کر دے میرا یار نہیں ہے۔۔۔جب الیاس نے یہ سنا اس نے سب سے معافی مانگ لی تو اس نے بھی معاف کر دیا۔۔۔اچھا ٹھیک ہے میرا مقصد ویسے بھی تمہیں یہ احساس دلانا تھا کہ کبھی بھی عورت کو استعمال نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی اسے کمزوری سمجھ کر ان پر تشدد کرنا چاہیئے۔۔۔اس کو اللہ اور ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔۔ایک اچھے دوست ہونے کے ناطے تمہیں ہر غلط کام سے روکنا میرا فرض ہے ۔۔۔اور پھر دونوں گھلے ملے تو ازھاد نے کہا میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تم جیسا دوست سب کو دے۔۔۔آمین۔۔۔۔چل اب میں چلتا ہوں ماما بابا آئے ہے پاکستان ان کو لے کر ماہ کے گھر جانا ہے۔۔اللہ حافظ

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

سب Lunch کے بعد نور کے گھر جانے کی تیاریاں کر رہے تھے اور ایک گھنٹے میں

وہ سب ملک ویلا میں تھے۔۔ مصطفی صاحب اور فرحانہ بیگم نے سب کا خوش دلی سے۔ welcome کیا۔۔اور ازھاد کے بابا ایاز شاہ نے ان سے بات شروع کی۔۔بھائی صاحب ہم آپ سے بہت شرمندہ ہیں کہ ازھاد نے جو سب کیا۔۔۔اسے ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا اس کے لئے میں آپ سے معافی مانگتا ہوں۔۔ارے میں نے معاف کیا اسے۔۔۔بچہ ہے ابھی اور اپنی غلطی تسلیم کر کے اس نے مجھ سے پہلے ہی معافی مانگ لی ہے۔۔۔مگر میں نے ابھی تک اس معاملے میں اپنی بچی کی رائے نہیں لی یہ سوچ کر کہ کئی اس کی طبیعت خراب نہ ہو جائے۔۔۔بھائی صاحب آپ ہماری بیٹی کو بلا لے ہم خود ہی پوچھ لینگے۔۔فرحت بیگم نے کیا۔۔تو فرحانہ بیگم نور کو لینے چلی گئی۔۔۔

جب نور آئی فرحانہ بیگم کے ہمراہ تو فرحت بیگم نے بے اختیار ماشاءاللہ کہا۔۔کیونکہ نور بہت حسین لگ رہی تھی صبح سے اس کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی جس سے اس کی خوبصورت آنکھیں چمک رہی تھی۔۔۔

بیٹا یہاں میرے پاس بیٹھ جائے۔۔فرحت بیگم نے نور سے کیا تو نور نے جھکے سر کے ساتھ ان کے پہلو میں بیٹھی۔۔بیٹا میں آزھاد کی ماما ہوں اور یہ بابا ہے آزھاد کے۔۔تو

نور نے جٹ سے سلام کیا۔۔۔بیٹا ہم آپ سے شرمندہ ہیں جو بھی تمہارے ساتھ آزھاد نے کیا۔۔بیٹا کیا تم اسے معاف کر کے اسے ایک موقع دو گی میں نے خود اسے تمھارے لیے تڑپتے دیکھا ہے ورنہ میں کبھی بھی اس کا ساتھ نہ دیتی۔۔آنٹی میں نے انھیں معاف کیا۔۔شائد میرے ساتھ یہی ہونا تھا اور ایسا ہی ہونا تھا۔۔۔اور پھر سب نے مل کر اس جمعے کو رخصتی کا فیصلہ کیا تھا۔۔۔

اور دیکھتے ہی دیکھتے جمعے کا دن بھی آ گیا آزھاد شاہ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا اور جب رخصتی کے وقت ماہ نور روئی تو سب کو ساتھ رلا یا۔۔اور اس کی طبیعت کا سوچ کر آزھاد نے بنا لوگوں کی پرواہ کئے نور کو گلے لگایا اور کہا یار بس بھی کو اور کتنا رونا سے میں کونسا تھا خلا میں لے کر جا رہا ہوں جو تم نے اتنا رونا ڈالا ہوا ہے۔۔۔

پھر سارے رسموں کے بعد نور کو کمرے میں لے جایا گیا۔۔۔جب کچھ دیر بعد آزھاد کمرے میں داخل ہوا تو پہلے نور کا گھونگھٹ اٹھایا تو دیکھا کہ نور بہت حسین لگ رہی تھی۔۔اس نے بے اختیار ماشاءاللہ کہا جس سے نور نے بلش کیا۔۔نور سنو میں نئ زندگی کی شروعات سے پہلے تم سے اپنے کیے کی معافی مانگنا چاہتا ہوں جانتا ہوا اس سب

کی کوئی معافی نہیں شائد اسی لیے اللہ نے شراب کو حرام قرار دیا ہے کہ انسان اپنے ہوش میں نہ ہونے کی وجہ سے وہ سب کرتا ہے جس پر بعد میں اسے سب سے معافی مانگی پڑھتی ہے۔۔۔اگر ہو سکے تو مجھے معاف کر دو۔۔بلکہ نہیں مجھے سزا دے دو تا کہ میں آئندہ ایسا نہ کرو۔۔۔

آزھاد میں نے آپ کو معاف کیا۔۔شائد یہ نکاہ کا پاک رشتہ ایسا ہی ہوتا ہے کہ ہم چاہے جتنا بھی اپنا دل سخت کر لے تو بھی اپنے شریک حیات کو سزا نہیں دے سکتے۔۔اور اب بس اس بات کو چھوڑے میری منہ دکھائی دی مجھے۔۔نور نے ہاتھ پھیلا کر کہا۔۔۔

یہ رہا میڈم۔۔۔ایک خوبصورت ہیرے کا سیٹ۔۔۔۔

واووو آزھاد یہ تو بہت خوبصورت ہے۔۔کہا سے لیا۔۔۔

جب میں انگلینڈ میں تھا وہی دیکھا اور پسند آنے پر خرید لیا۔۔۔چلو اب منہ دکھائی تو ہو گئی اب زرا تمھاری تعریف ہو جائے۔۔۔

نہیں اززھاد مجھے نیند آرہی ہے۔۔۔

ارے ایسے کیسے سو جاؤں گی اتنے دنوں سے ویٹ کیا ہے تمھارا۔۔۔

وووونور کو بہانا نہیں سوچ رہا تھا کہ اچانک اس نے کہاہاں آزھاد جب میں رات کو دیر

سے سو جاؤں تو سر میں درد ہوتا ہے۔۔۔

تو میں کونسا جاگنے کا کہہ رہا ہوں۔۔۔ چلو تم change کر و پھر سوتے ہیں

پھر نور کے آنے کے بعد آزھاد نے نور کا سر اپنے سینے پر رکھا اور سکون سے سو گیا۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤

آج ان کا ولیمہ تھا نور کو خوبصورت سے سفید رنگ کے فراک اچھے سے میک اپ کر

کے تیار کیا تھا۔۔۔ دونوں کے جوڑی کمال تھی مگر نور کی عمر کم ہونے کی وجہ سے اس کا

قد آزھاد کے کندھوں سے بھی تھوڑا نیچے تھا۔۔

ویسے آج یہ کہنا غلط نہ ہو گا کہ میری چھوٹی سی وائف بہت اچھی لگ رہی ہے۔۔۔

آزھاد مجھے چھوٹی کہنا بند کریں اگر اتنا ہی مسئلہ تھا میرے قد سے تو نا کرتے مجھ سے

شادی۔۔۔

نور اس کے بار بار چھوٹی کہنے پر غصہ ہوئی اور پھر روٹھے لہجے میں منہ دوسری طرف

موڑا۔۔۔۔

اچھاااسوری آئندہ نہیں کہوں گا۔۔۔

❤❤❤❤❤❤❤

نور کی شادی کا سن کر ایان کو تکلیف ہوئی مگر نور کی خوشی اور اپنے قسمت کا فیصلہ سمجھ کر اس نے سمجھوتا کیا۔۔ لیکن فلحال اسے کچھ وقت درکار تھا ان سب باتوں کو بھلانے کے لیے۔۔۔۔

❤ ختم شدہ ❤

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsanay|Articles|Books|Poetry|Interviews

ہماری ویب میں شایع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیو ایرا میگزین(New Era Magazine)کیلیئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

(انشااللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلیئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیو ایرا میگزین